سوال

(708) خیرُالقرونِ قرنی کے الفاظ سے حدیث منقول ہے بہت کوشش الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حافظ محمد محدث گوندلوی کی کتاب ''النبراس حصہ سوم، ص: ۱۱۰'' میں خیرُالقرونِ قرنی کے الفاظ سے حدیث منقول ہے بہت کوشش کے باوجود ان الفاظ کے ساتھ اصل مأخذ تک نہیں پہنچ سکتا، اگر ان الفاظ کے ساتھ اصل حوالے تک مدد فرمادیں تو ممنون ہوں گا۔ (محمد یوسف نعیم کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''خیر والقرونِ قَرنی '' والے الفاظ کے ساتھ مجھے حدیث نہیں ملی۔ شیخ البانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے کہ یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ کہیں نہیں۔ واللہ اعلم۔

[حدیث ان الفاظ کے ساتھ ہے: ((خیرُ النَّاسِ قَرنی)) ''بہتر لوگ میرے زمانے کے ہیں۔'' [1]

[دوسرے الفاظ یہ ہیں: ((خَیرُ اُمَّتِی قَرنی)) ''میری اُمت کے بہتر لوگ میرے زمانے کے ہیں۔'' [2]

۲۶ ۱۲ ۱۴۲۲ھ

1 بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی باب فضائل اصحاب النبی۔ مسلم کتاب الفضائل باب فضل الصحابہ ثم الذین یلونھم۔

2 مسلم کتاب الفضائل باب فضل الصحابۃ ثم الذین یلونھم

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 707

محدث فتویٰ